www.prepp.in

Your Personal Exams Guide

SET-4

Series SGN

کوڈ نمبر **Code No. 30**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد **11** ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **11** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

اُردو (الیکٹو)

URDU (Elective)

وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر : ۱۰۰

Time allowed : 3 hours — *Maximum Marks : 100*

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ 10

(الف)

"انسان کہتا ہے کہ مچھر بڑا کم ذات ہے۔ کوڑے، کرکٹ، میل کچیل سے پیدا ہوتا اور گندی موریوں میں زندگی بسر کرتا ہے اور بزدلی تو دیکھو اس وقت حملہ کرتا ہے جب کہ ہم سوجاتے ہیں۔ سوتے پر وار کرنا، بے خبر کے چرکے لگانا مردانگی نہیں ہے۔ صورت تو دیکھو کالا بھجنا، لمبے لمبے پاؤں، بے ڈول چہرہ، اس شان و شوکت کا وجود اور آدمی جیسے گورے چٹّے، خوش وضع کی دشمنی۔ مچھر کی سنو تو وہ آدمی کو کھری کھری سناتا ہے اور کہتا ہے کہ جناب ہمّت ہے تو مقابلہ کیجیے۔ ذات صفات نہ دیکھیے۔ میں کالا سہی، بدرونق سہی مگر دلیری سے آپ کا مقابلہ کرتا ہوں۔ یہ الزام سراسر غلط ہے کہ بے خبری میں آتا ہوں، اور سوتے میں ستاتا ہوں۔ حضرت میں تو کان میں آکر الٹی میٹم دے دیتا ہوں کہ ہوشیار ہوجاؤ اب حملہ ہوتا ہے۔ تم ہی غافل رہو تو میرا کیا قصور ہے۔ اپنے بھائی نمرود کا قصہ بھول گئے جو خدائی کا دعویٰ کرتا تھا اور اپنے سامنے کسی کی حقیقت نہ سمجھتا تھا؟ کس نے اس کا غرور توڑا، کون اس پر غالب آیا؟ کس کے سبب اس کی خدائی خاک میں ملی؟ میرے ہی ایک بھائی مچھر نے اس سرکش کا خاتمہ کیا تھا ۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) انسان کو مچھر کے کردار میں کیا برائیاں نظر آتی ہیں ؟

(iii) انسان نے مچھر کے حلیے کے بارے میں کیا کہا ہے ؟

(iv) مچھر نے اپنے اُوپر لگائے گئے الزامات کے جواب کے بارے میں کیا کہا ؟

(v) مچھر نے اپنی تعریف میں کیا کیا باتیں کہیں ؟

(ب)

"خوجی سے ہماری پہلی ملاقات نواب صاحب کے تاریخی بٹیر صف شکن علی شاہ کے گم ہوجانے کے وقت ہوتی ہے۔ جہاں بہت سے مصاحب نواب صاحب کو بٹیر کی گم شدگی کی تعزیت دے رہے ہیں، وہاں خوجی بھی ہے اس میں کوئی خصوصیت ایسی ضرور ہے کہ وہ بہت جلد ہمیں اپنے طرف متوجہ کرلیتا ہے۔ اس کی تیز زبانی، اس کے فقرے، اس کی خالص افیونیوں کی سے گفتگو، سب میں ایک ذہین بھانڈ کی کیفیت ہے۔ خوجی کی وہ خصوصیت جو اسے زوال آمادہ جاگیر دارانہ تمدن کا خاص کردار بناتی ہے، اس کا جذبہ وفاداری ہے۔ جب وہ نواب صاحب کے یہاں تھا تو ان کا نمک خوار ہونے کی حیثیت سے ان کا دم بھرتا تھا۔ جب یہی وفاداری آزاد کی طرف منتقل ہوگئی تو وہ ان کے لیے اپنی جان کو مصیبتوں میں ڈالنے کے لیے دکھائی دیتا ہے۔ وہ بنا ہوا درباری ظریف یا بھانڈ نہیں ہے بلکہ ایک نفسیاتی کردار ہے جس میں سچّائی اور اپنی فطرت کے ساتھ خلوص پایا جاتا ہے۔"

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ii) خوجی سے ہماری پہلی ملاقات کب ہوتی ہے ؟

(iii) خوجی کے کردار میں ہمیں کون کون سی خصوصیات نظر آتی ہیں؟

(iv) خوجی کے جذبہ وفاداری کے بارے میں مصنف کی کیا رائے ہے ؟

(v) خوجی کے کردار کی اور کون سی خصوصیات کا مصنف نے ذکر کیا ہے ؟

2- درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ 5

(i) اخترالایمان نے اپنی خودنوشت 'اس آباد خرابے میں' اپنے بچپن کی مصیبتوں اور پریشانیوں کے جو واقعات بیان کیے ہیں ان میں سے کوئی دو لکھیے۔

(ii) قرۃ العین حیدر کے افسانے 'فوٹو گرافر' کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

3- درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 10

(i) ڈاکٹر خالص نے جدید شعرا کی مجلس میں شاعری کی کون کون سی خصوصیات بتائی ہیں ؟

(ii) رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے اور لاہور پہنچ کر وہ کن معروف ادیبوں سے ملے؟

(iii) افسانہ 'میں وہ' کے اس جملے "اب موت نہیں زندگی مایوس کرتی ہے" کی وضاحت کیجیے۔

(iv) "دوسرا جنم ہم کو ملا" اس سے غالب کی کیا مراد ہے؟ غالب نے یہ کس کے خط میں لکھا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

(الف)

لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جا کے حالی جادو بیاں سے ہم

عجب نظارہ تھا بستی کا اس کنارے پر
سبھی بچھڑ گئے دریا سے پار اُترتے ہوئے

بس ایک زخم تھا دل میں جگہ بناتا ہوا
ہزار غم تھے مگر بھولتے بسرتے ہوئے

Prepp
Your Personal Exams Guide

دیتے ہیں سراغ فصلِ گُل کا

شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا

کیا برا ہے جو یہ افواہ اُڑادی جائے

(i) حالؔی نے اپنے کلام کی کن خصوصیات کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(ii) 'عجب نظارہ تھا بستی کا اس کنارے پر' سے شاعر کا کیا مطلب ہے ؟

(iii) وہ کون سا ایک زخم تھا جس کو دل میں جگہ دینے کے لیے ہزار غم بھلا دیے گئے ؟

(iv) شاخوں پر جلے ہوئے بسیروں سے فصلِ گل کا سُراغ کیسے ملتا ہے ؟

(v) شاعر نے کس افواہ کو اُڑا دینے کی بات کہی ہے ؟

(ب)

شام کو جب جھیل کے پانی میں ڈالے اپنے پانو
دائرہ در دائرہ موجیں اُٹھائے دیتے تھے ہم
تب تھکا ماندہ۔ انیندا، مضمحل سورج
اپنے خوابستان میں روپوش ہو جانے سے قبل
مسکرا کر ہم سے کہتا شب بخیر
اور چل پڑتے تھے ہم سب اپنے گھر
اپنے دل کی دائرہ در دائرہ موجوں میں سورج گھیر کر
اور اب ؟
اب تو یہ بھی یاد رکھنا ہے محال
کس طرف پورب ہے پچھّم ہے کدھر؟
کب اگا کرتا ہے سورج اور کب جاتا ہے ڈوب ؟
کس کو بستر میں پتہ !
کس کو دفتر میں پتہ !

(i) درج بالاشعری حصہ کس نظم سے لیا گیا ہے ؟ اوراس نظم کے شاعر کا نام کیا ہے ؟

(ii) شام کے وقت جھیل کے پانی میں پاؤں ڈال کر شاعر کیا کرتا تھا ؟

(iii) سورج کی کون کون سی خصوصیات گنائی گئی ہیں ؟

(iv) اپنے گھر کی طرف لوٹتے ہوئے شاعر دل میں کیا باتیں لے جاتا تھا ؟

(v) پچھلے زمانے اور موجودہ زمانے میں کیا فرق آگیا ہے ؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا سو (۱۰۰) الفاظ میں جواب لکھیے۔ *5*

(i) ن۔م۔راشد نے نظم 'زندگی سے ڈرتے ہو' میں کیا پیغام دیا ہے ؟

(ii) معین احسن جذبی کے حالاتِ زندگی اور غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ *10*

(i) نظم 'ارتقا' میں جمیل مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟

(ii) روحِ ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے ؟

(iii) یادوں کے بجھے ہوئے سویرے آنکھوں میں چھپائے پھرنے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(iv) عمیق حنفی کی نظم نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔

7۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب سو(۱۰۰) الفاظ میں لکھیے۔ 4

(i) ویکوم محمد بشیر کے افسانے 'جنم دن' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

(ii) آغا حشر کاشمیری کی ڈرامہ نگاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ان کے ڈرامے ''یہودی کی لڑکی'' کی روشنی میں لکھیے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

(i) ''مرحوم کی یاد میں'' انشائیے میں موٹر کو دیکھ کر مصنف کو کیا خیال آیا ؟

(ii) جلتی جھاڑی میں بوڑھے مچھوارے کی تصویر کس انداز میں پیش کی گئی ہے ؟

(iii) پریم چند اپنے ناول 'بیوہ' کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتے ہیں ؟

(iv) چیرویا کوف کو ایک صاحبِ اخلاق انسان کیوں کہا گیا ہے ؟

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے۔ 20

(i) اُردو زبان کے آغاز پر ایک تعارفی مضمون لکھیے

(ii) میؔر اور غالبؔ کی غزل گوئی کے حوالے سے دبستانِ دہلی کی شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے۔

(iii) ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات تحریر کیجیے۔

(iv) فورٹ ولیم کالج کے قیام کے اسباب لکھیے اور اس کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

10۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 15

(i) افسانے کی تعریف لکھیے اور اس کے اجزائے ترکیبی بتائیے۔

(ii) غالبؔ کے خطوط کی اہمیت بیان کیجیے۔

(iii) اقبالؔ کی نظم گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

(iv) دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات لکھیے۔

11۔ درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5 15

(i) ''غالب جدید شعرا کی مجلس میں'' کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(a) کنہیالال کپور

(b) احتشام حسین

(c) احمد جمال پاشا

(ii) کرشن چندر کے رپورتاژ کا عنوان بتائیے۔

(a) میں وہ

(b) پودے

(c) اس آباد خرابے میں

Prepp
Your Personal Exams Guide

(iii) خوجی اور آزاد اُردو کی کس مشہور تصنیف کے کردار ہیں ؟

(a) فسانۂ آزاد

(b) بیوہ

(c) اُمراؤ جان ادا

(iv) نظم ''گورِ غریباں'' کا شاعر کون ہے ؟

(a) اقبال

(b) نظم طباطبائی

(c) ن ۔ م ۔ راشد

(v) خواجہ حسن نظامی ادب کی کس صنف کے لئے مشہور ہیں ؟

(a) ناول

(b) انشائیہ

(c) خطوط